انڈیا فاؤنڈیشن فار دی آرٹس

اپنے آرٹس پریکٹس پروگرام کے تحت

ایکسپلوریشنس (دریافت) کیلیے

درخواستیں مدعو کرتا ہے۔

درخواستیں وصول ہونے کی آخری تاریخ:19 اپریل 2024

آرٹس پریکٹس پروگرام ایسے پراجکٹس یا منصوبوں کی تشکیل کی طرف گامزن ہے جو آرٹسٹ کو انکے موجودہ کام کے دائرے کو وسعت دینے میں مدد کرے اور انھیں نئی راہیں دکھائے ۔ یہ نہ صرف موجودہ روشوں پر سوال اٹھانے میں اور انکے مواد، ہئیت اور میڈیئم کی حدوں کو پار کرنے میں مدد کرے بلکہ انکے خاص مقام، انکے ناظرین اور سماج کے ساتھ شمولیت میں نئے طریقے ڈھونڈنے میں اور تجربے کی روح کو بنیاد بنانے میں مدد کرے۔

ایک فلم ساز ایک پرانے شہر کی یادوں کی قیاس آرائی پر مبنی افسانوی گرافک داستان تخلیق کرتا ہے۔

ایک کوریوگرافر ایک کمیونٹی کے ساتھ مل کر لوک داستانوں کو بازیافت کرنے کے طریقے کے طور پر لوک رقص تخلیق کرتا ہے۔

ایک ہم عصر فنکار ایک ورچوئل میوزیم بناتا ہے تاکہ خاندان کے کسی فرد کے ذریعہ جمع کی جانے والی روزمرہ کی اشیاء کو محفوظ کیا جا سکے۔

ایک سوشل ڈیزائن پریکٹیشنر دیہی خواتین کے ایک گروپ کو اپنے بیرونی تجربات پر اجتماعی طور پر غور کرنے اور آرٹ ورک تخلیق کرنے کے لیے اکٹھا کرتا ہے۔

آرٹس بناتے یا پریکٹس کرتے وقت کبھی کبھی ہمیں ایک انوکھا خیال آ سکتا ہے یا کسی نئی تازہ اور مزید ار سمت میں جانے کی خواہش ہو سکتی ہے۔ البتہ اس وقت ہم جس مقام یا حالات میں موجود ہیں ہمیں وہ نیا خیال اجنبی لگے اور اس کی سمت میں جانے والا سفر غیر یقینی اور عارضی۔ اس وقت میں کچھ بھی اندازہ نہ ہو کہ وہ خیال ہمیں کدھر لے جائیگا یا ہماری موجودہ کارکردگی کیلیے اسکا کیا مطلب ہوگا۔ مگر پھر بھی وہ ہمیں اپنی طرف کھینچتا ہے اور ہمیں اس کا پیچھا کرنے کی اہمیت کا احساس رہتا ہے۔ ایسے اوقات میں ایک چھوٹی سی حمایت یا سپورٹ مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

آرٹ پریکٹس پروگرام کے تحت ہم ایکسپلوریشنس یا دریافتوں کیلیے ایسے پروپوزلس مدعو کرتے ہیں جو ایسے نئے خیالات کی پرکھ، تحقیق اور آزمائش کریں جو نوزائیدہ، پرخطر یا بے مثال ہوں چاہے ان کا نتیجہ بعد میں کسی آرٹ کے کام کے پورا ہونے میں نکلے یا نہ نکلے۔ اس میں شامل ہو سکتی ہے تحقیق، اسکرپٹ لکھنا، جگہوں کی تلاش، اینیماٹکس، جامنگ، اسٹوری بورڈنگ، ریہرسل، سامپلنگ، روبوٹکس، لیب اکسپلوریشن، اور دوسرے قسم کے دریافتگی کے کام جنکے ذریعے خیالات کو پرکھا جائے۔

اس تجاویز کی درخواست کو دوسری زبانوں میں پڑھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

پروجیکٹ کی مدت: 6 مہینے تک

بجٹ: زیادہ سے زیادہ 100,000 (ایک لاکھ) روپئے تک

درخواست وصول ہونیکی آخری تاریخ:19 اپریل 2024

پروپوزل کون بھیج سکتا ہے:

یہ پروگرام ان تمام کام کرنے والوں سے پروپوزل مدعو کرتا ہے جو کسی بھی ایک یا ایک سے زیادہ ڈسپلن یا موضوع پر کام کر رہے ہوں مثلاً

- اداکار آرٹسٹ جو موسیقی، آواز، الفاظ، رقص، حرکت، تھیٹر، کٹھ پتلی، کہانی کاری، جادو، سرکس یا دوسرے پرفارمنگ آرٹس کے کارندے ہوں۔

-تصویری آرٹسٹس جو ہر طرح کے فارمس میں کام کر رہے ہوں بشمول فلم (ڈاکیومینٹری اور فکشن)، اینیمیشن ،فوٹوگرافی ،انسٹالیشن ،نیومیڈیا، مصنوعی عقل، روبوٹکس، انٹریکٹیو آرٹس، گیمنگ ، پینٹنگ ،مجسمہ سازی، چھپائی ،کامکس، گرافک نیریٹیو ،آرٹسٹ بک ،اور دوسرے تصویری آرٹس۔

-کیوریٹرز، خاص طور پر وہ جو گیلری کی باقاعدگی سے باہر کام کر رہے ہوں۔

-شاعر، ناولسٹ اور ڈرامہ نویس جو ادب کے ساتھ کام کرتے ہوں۔

-آرٹسٹس جو ایک سے زیادہ ڈسپلنس یا میدانوں میں کام کرتے ہیں۔

اہلیت:

آپ پروجکٹ پروپوزل بھیج سکتے ہیں اگر آپ ایک ہندوستانی شہری ہیں۔آپ کے ساتھ م کام کرنے والے افراد کو بھی ہندوستانی ہونا چاہئے۔مزید تفصیلات کیلئے یہاں کلک کریں

پروپوزل بھیجنا:

آپ اپنا پروپوزل انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں بھیج سکتے ہیں۔آئی ایف اے انگریزی کے علاوہ ہندوستانی زبانوں میں پروجکٹس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

اپنے پروپوزل میں مندرجہ ذیل کے بھیجئے:

-آپ کی موجودہ آرٹ کارکردگی، افکار اور ایک آرٹسٹ کے طور پر آپکی دلچسپیاں۔

-آپکے مجوزہ ایکسپلوریشنس کی تفاصیل اور آپ وہ کیوں بنانا چاہتے ہیں۔

-تفصیلی ٹائم لائن (کون سی چیز کب ہوگی) اور بجٹ

-آپکے پچھلے کام کے کچھ نمونے

-آپ کا بایوڈیٹا، پتے، فون نمبر اور ای میل آئی ڈی کے ساتھ

آپ اپنے سوال یا ابھرتے خیالات تحریری، آوازی یا ویڈیو فارمیٹ میں 12 اپریل 2024 تک آئی ایف اے اسٹاف کو بھیج سکتے ہیں۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ ہم درخواستیں صرف ای میل کے ذریعے ہی قبول کرتے ہیں۔

آپ اپنا فائنل پروپوزل صرف ایک ایمیل میں جسکا سائز 25 ایم بی سے زیادہ نہ ہو، 19 اپریل 2024 یا اس سے پہلے تک بھیجیں: جان زیویرس، پروگرام آفیسر، آرٹس پریکٹس، کے نام (john@indiaifa.org)، سبجکٹ لائن میں: Project Proposal for Explorations (Arts Practice)

کسی بھی سوال یا اپنے پروپوزل کے بارے میں وضاحت کیلئے اس پر ایمیل بھیجیں: john@indiaifa.org

سیلیکشن کا طریقہ:

آخری لسٹ میں پہونچنے والے پروپوزلس کی جانچ پڑتال باہر سے آئے تجزیہ کاروں کے ذریعے ہوگی اور درخواست کنندگان کو اپنے پروجکٹ کے خیالات اس پینل کے سامنے پیش کرنے ہونگے۔ نفاذ کیلئے چنے گئے پراجکٹس کا اعلان جولائی **2024** میں ہوگا۔

تمام چنندہ پراجکٹس آئی ایف اے کے ذریعے لاگو کیئے جائینگے۔

براہ کرم جان لیں کہ IFA ایک ایسا محفوظ ماحول بنانے کیلئے پرعزم ہے جو بچوں سمیت ہر کسی کا احترام، حمایت اور تحفظ کرتا ہو۔ پروپوزل بھیجنے والوں کو بھی اسی تصور سے ہم آہنگ ہونا چاہئے اور اسے ہر وقت برقرار رکھنا چاہئے۔